خطباتِ خواجہ شمس الدین عظیمی

ACD 130

Track - 1

15:00

اسلام مکمل دین ہے'' ۔ (عید الاضحی 23-03-99 )''

......اعوذ باللہ

...... بسم اللہ

......تسبیح و تہلیل

......تکبیر

اسلام ایک ایسا مکمل مذہب اور ضابطہ حیات ہے کہ اسے زندگی کے کسی بھی شعبہ میں آپ اپنے لئے ہدایت اور روشن راستہ نہ صرف یہ کہ تلاش کرسکتے ہیں بلکہ چودہ سو سال ہوگئے اس بات کو کہ آج تک کوئی آدمی یہ نہیں کہہ سکا کہ رسول اللہ ؐ کی سیرت طیبہ میں سنت میں اور اسلام میں کوئی ایسی بات سامنے نہیں آئی کہ کبھی ضرورت پیش آئی ہو کہ اس جیسا کہ میں نے کہا کہ کیا کرنا چاہیے جو اب ہماری رہنمائی کرے۔ والدین کے حقوق میں، پڑوسی کے حقوق کے سلسلہ میں ، کاروبار کس طرح کریں ، رہن سہن ہمارا کیسا ہو، من حیث القوم ہماری کیا ذمہ داریاں ہیں۔ یہ کسی بھی شعبہ میں اسلام آپ کو مایوس نہیں کرتا۔ اور اس کی جو بنیاد ہے وہ یہ ہے کہ اسلام نے اس بات کی پوری طرح انسان کے اندر صلاحیتیں اجاگر کردی ہے کہ یہ جو نظام کائنات ہے سارے کا سارایہ دروبست ایک ہستی کے ہاتھ میں ہے۔ اسلام جو ہے یہ توحید کی دعوت دیتا ہے ایک ہستی ایسی ہے کہ جس نے یہ کائنات بنائی۔ جس نے اس کائنات کو جاری و ساری رکھنے کے لئے وسائل پیدا کئے ۔ جس نے اچھائی اور برائی کے تصور کو عام کرنے کے لئے ایک لاکھ چوبیس ہزار پیغمبر بھیجے۔ جس ہستی نے اللہ تعالیٰ نے اپنا محبوب بندہ محمد رسول اللہ ؐکو دنیا میں بھیجا اور صرف یہ نہیں کہ اللہ تعالیٰ نے کہا ہو کہ یہ میرا دوست ہے ۔ اللہ تعالیٰ نے یہ بتایا ہو کہ اس کی اتنی صلاحیتیں ہیں معراج کے واقعہ میں بلکہ اللہ تعالیٰ نے فرمایا کہ ہمارا بندہ ایسا ہے کہ ہم نے اس پر جتنی نعمتیں ہوسکتی تھیں وہ سب کی سب ہم نے اس بندے کو عطا کردی ۔اور ہمارے بندے نے جو کچھ ہمارا پیغام لوگوں تک نوع انسانی تک پہنچایا اس دین کی بھی اللہ تعالیٰ نے تکمیل کردی۔ الیوم اکملت لکم دینکم .........نعمتی ...... دین الاسلام... اللہ تعالیٰ نے کہا آج کے دن دین مکمل کردی اور اپنی نعمتیں پوری کردیں۔ آپ

غور کریں دین کی تکمیل کے بارے میں خود اللہ تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ ہم نے دین
کی تکمیل کردی تو دین میں کسی بھی